اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# مدنی پھول برائے دارالسنّہ (للبنات)

## ﴿عالمی مجلس مشاورت (دعوتِ اسلامی)﴾

﴿1﴾ فرمانِ مصطفٰی صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم ہے: نِیَّۃُ الْمُؤْمِنِ خَیْرٌ مِّنْ عَمَلِہٖ۔

یعنی مسلمان کی نیّت اس کے عمل سے بہتر ہے۔ (المعجم الکبیر للطبرانی، الحدیث: ۵۹۴۲، ج۶، ص۱۸۵)

اس لیے دارالسنّہ (للبنات) ذمہ دار امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ کے عطا کردہ "63 مدنی انعامات" میں سے "مدنی انعام نمبر 1" پر عمل کرتے ہوئے یہ نیت کرتی رہے کہ: "میں اللہ عزَّوَجَلَّ کی رضا اور اس کے پیارے حبیب صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی خوشنودی کے لیے دعوتِ اسلامی کے شعبے "دارالسنّہ (للبنات)" کا مدنی کام مدنی مرکز کے طریقۂ کار کے مطابق کروں گی۔"

اِنْ شَآءَ اللہ عزَّوَجَلَّ۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عزَّوَجَلَّ! دارالسنّہ (للبنات) ذمہ دار کا کام مختلف رہائشی کورسز کے ذریعے اسلامی بہنوں کو زیورِ علم دین سے آراستہ کرنے کے ساتھ ساتھ دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول سے وابستہ کرتے ہوئے حسبِ حال مدنی کام سیکھ کر اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش میں سرگرم عمل کرنا ہے۔

### ﴿2﴾ ذمہ داران کی تقرری کی ترکیب:

دارالسنّہ (للبنات) کے مدنی کام کے لیے ذمہ داران کا تقرر زون و ملک سطح ہے۔ بیرونِ ملک کی "دارالسنّہ (للبنات)" کو رکنِ مجلس بیرونِ ممالک دیکھیں گی۔ تجہیز و تکفین ذمہ دار کو ہی "دارالسنّہ (للبنات)" کا شعبہ دیا جائے۔

☆ دارالسنّہ (للبنات) ذمہ دار (ملک سطح) کو روزانہ 3 گھنٹے اور دارالسنّہ (للبنات) ذمہ دار (زون سطح) کو روزانہ 2 گھنٹے دینے ہوں گے اگر مذکورہ اسلامی بہنوں کو معاشی مسائل ہوں تو ان کا اجارہ بھی کیا جاسکتا ہے۔

☆ بہتر ہے کہ دارالسنّہ (للبنات) ذمہ دار (زون سطح) "دارالسنّہ (للبنات)" کے قریب رہائش پذیر ہوں تاکہ بآسانی 2 گھنٹے دے سکیں۔

☆ ہر سطح کی دارالسنّہ (للبنات) ذمہ دار اسلامی بہن اطاعت گزار، ملنسار، وفادار، باکردار، حلم و بُردبار، بااخلاق، سلجھی ہوئی، سنجیدہ، احساسِ ذمہ داری رکھنے والی، شرعی پردہ کرنے والی، ذاتی دوستیوں سے بچنے والی، مدنی انعامات کی عاملہ، دعوتِ اسلامی کے مدنی اصولوں کی آئینہ دار، اصطلاحاتِ دعوتِ اسلامی سے واقف، شائقۂ مدنی مذاکرہ، مدنی مشوروں اور ماہانہ مدنی حلقے کی پابند الغرض سراپا ترغیب ہو یعنی عملی طور پر مدنی کاموں میں شریک ہو۔

☆ کسی بھی سطح پر اور کسی بھی شعبے پر اسلامی بہن کا تقرر صرف اس بناء پر نہ کیا جائے کہ ان کے محرم اس شعبے کے ذمہ دار ہیں بلکہ یہ دیکھا جائے کہ کیا وہ اسلامی بہن اس مدنی کام کی اہل ہیں؟ 11 مئی 2009 کے نگرانِ شوریٰ کے مدنی مشورے میں یہ مدنی پھول بھی موجود ہے کہ "اہل اور ہم ذہن کو مدنی کام دیا جائے"۔

| نمبر شمار | سطح | ذمہ دار |
|---|---|---|
| 1 | زون | دارالسنّہ (للبنات) ذمہ دار (زون سطح) |
| 2 | ملک | دارالسنّہ (للبنات) ذمہ دار (ملک سطح) |
| 3 | رکنِ مجلس بیرونِ ممالک | رکنِ مجلس بیرونِ ممالک |

﴿3﴾ اگر بیرونِ ملک میں کوئی دارالسنّہ (للبنات) شروع کرنا چاہے اور ہمیں بھی اس بات کی ضرورت محسوس ہو تو انہیں "**نئی جگہ دارالسنّہ (للبنات) قائم کرنے یا 12 دن کے رہائشی کورسز شروع کرنے سے متعلق مدنی پھول**" اور اس سے متعلق پیپرز **درخواست فارم برائے آغاز دارالسنّہ (للبنات) ضروری سامان کی فہرست، دارالسنّہ (للبنات) کے انتظامی معاملات میں افتاء مکتب کی ہدایت و شرائط**، **کوائف فارم (ناظمہ)**، **کوائف فارم (معلمہ)**، **کوائف فارم (خادمہ)**، **کوائف فارم (خادمہ حفاظتی امور)**، **ضرورتِ اجیر فارم**، **اجارہ کوائف فارم (برائے اسلامی بہنیں)**، **اجارہ کوائف فارم (برائے اسلامی بھائی)** دینے ہوں گے۔ (یہ پیپرز ریکارڈ فائل میں موجود ہیں)۔

﴿4﴾ بیرونِ ملک دارالسنّہ (للبنات) شروع ہونے کی صورت میں "**دارالسنّہ (للبنات) ذمہ دار (ملک سطح) کے مدنی کام**"، **نگران زون کو** Update **کرنے کی مدنی التجاء**، 12 دن کے **خصوصی اسلامی بہن کورس / فیضانِ قرآن کورس / مدنی تربیتی کورس** (19 دن کا) / **فیضان نماز کورس / مدنی کام کورس / اصلاح اعمال کورس / اسلامی زندگی کورس کی مدنی چینل پر تشہیر**، اور **مجموعی اجمالی کارکردگی برائے رہائشی کورسز**، **مختلف رہائشی کورسز کے لیے سفری اخراجات کی ترکیب**، 12 **دن کے رہائشی کورسز کی ماہانہ کارکردگی (زون تا عالمی سطح)** اچھی طرح سمجھا کر دینے کی ترکیب بنائیں۔

(یہ تمام پیپرز ریکارڈ فائل میں موجود ہیں)

☆ بیرونِ ملک میں اگر کہیں دارالسنّہ (للبنات) ذمہ دار (ملک سطح) کا تقرر ممکن نہ ہو تو رکنِ مجلس بیرونِ ممالک، متعلقہ ممالک ذمہ دار کی مدد سے خود اس مدنی کام کی ترکیب بنالیں۔

﴿5﴾ کورسز کی ترکیب جن ملکوں میں بنتی گئی ان کے نام اور مقامات خوشخبری والے پمفلٹ میں لکھ کر نگرانِ مجلس معاونت برائے اسلامی بہنیں (رکنِ شوریٰ) کو میل کر دیجئے۔

﴿6﴾ اگر بیرونِ ملک میں کہیں کورس ہو رہا ہو تو وہاں اس کا پروموبنا کر نگرانِ مجلس معاونت برائے اسلامی بہنیں (رکنِ شوریٰ) کو میل کروا دیا جائے۔

﴿7﴾ رہائشی کورس کے لیے بیرونِ ملک کی اسلامی بہنیں "داخلہ فارم" کی جن شرائط پر پوری نہ اُترتی ہوں اور اُن کی شرائط میں رعایت چاہیں تو اس سلسلے میں متعلقہ ممالک ذمہ دار سے مشاورت کر کے رعایت دی جائے۔

﴿8﴾ بیرونِ ملک میں "رہائشی کورس" ہونے کی صورت میں متعلقہ ممالک ذمہ دار سے مشاورت کر کے اس ملک کے تمام شہروں اور قریبی ملکوں کی اسلامی بہنوں کو داخلے کی ترغیب دلائی جائے۔

﴿9﴾ بیرونِ ملک میں اگر "رہائشی کورس" ہو تو حسبِ ضرورت بچوں کو سنبھالنے کے لیے خادمہ و ٹیچر کے انتظام کی ترکیب بھی بنائی جا سکتی ہے۔

﴿10﴾ 12 دن کے رہائشی کورسز میں سے جو کورس بیرونِ ملک میں ہوں کورس کے بعد رکنِ مجلس بیرونِ ممالک "12 دن کے رہائشی کورسز کی ماہانہ کارکردگی (عالمی سطح)" پُر فرما کر عالمی مجلس مشاورت ذمہ دار اور نگرانِ مجلس معاونت برائے اسلامی بہنیں رکنِ شوریٰ کو بذریعہ میل جمع کروائیں۔(12 **دن کے رہائشی کورسز کی ماہانہ کارکردگی (ممالک و عالمی سطح** ریکارڈ فائل میں موجود ہیں)

﴿11﴾ دارالسنّہ (للبنات) ذمہ داران (زون تا عالمی سطح) اپنی دنیا اور آخرت کی بہتری کے لیے مندرجہ ذیل امور کو اپنانے کی کوشش فرمائیں۔

☆ فرض علوم سیکھنے کی کوشش کرتی رہیں۔ فرض علوم سیکھنے کے لیے کتبِ امیرِ اہلسنت، بہارِ شریعت، فتاویٰ رضویہ، احیاء العلوم وغیرہ کے مطالعہ کی عادت بنائیں۔ خصوصاً صدر الافاضل مفتی سید محمد نعیم الدین مرادآبادی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی اسلامی عقائد سے متعلق کتاب بنام "کتاب العقائد" (مطبوعہ مکتبۃ المدینہ)، بہارِ شریعت کا پہلا حصہ، کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب، مسائل سیکھنے کے لئے بہارِ شریعت کے منتخب ابواب اور حصوں کے ساتھ ساتھ امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کے جملہ کتب و رسائل، اچھے برے اخلاق کی معلومات حاصل کرنے کے لئے "باطنی بیماریوں کی معلومات" اچھے اخلاق حاصل کرنے کا طریقہ پر مبنی منجیّات کی کتابیں (مطبوعہ مکتبۃ المدینہ) کا مطالعہ کیجئے مطالعہ کرنے کے لئے کچھ وقت مثلاً (صبح 19 منٹ) امیرِ اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ کی کتب و رسائل کے لئے اور اسی طرح دیگر کتب کے لئے بھی کچھ وقت مثلاً (بعدِ مغرب و قبل طعام 19 منٹ) خاص کیجئے۔

☆ برقع کی پابندی کریں اور دیدہ زیب برقع پہننے سے اجتناب کریں۔

☆ عملی طور پر مَدَنی کاموں میں شریک ہوں۔ روزانہ کم از کم دو (2) گھنٹے مدنی کاموں میں صرف کیجئے، پابندیٔ وقت کے ساتھ اول تا آخر ہفتہ وار اجتماع اور تربیتی حلقے میں شرکت وغیرہ۔

☆ اپنی اصلاح کی کوشش کے لیے مدنی انعامات پر عمل کے ساتھ ساتھ روزانہ فکرِ مدینہ کرتے ہوئے ہر ماہ مدنی انعامات کا رسالہ اپنی ذمہ دار اسلامی بہن کو جمع کروائیں اور ساری دُنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کے لیے اپنے محارم کو عمر بھر میں یکمشت 12 ماہ، ہر 12 ماہ میں ایک ماہ اور ہر ایک ماہ میں کم از کم 3 دن جدول کے مطابق مدنی قافلے میں سفر کی ترغیب دلاتی رہیں۔

☆ رضائے رب الانام کے مدنی کاموں پر عمل کرتے ہوئے عطار کی اجمیری، بغدادی، مکی اور مدنی بیٹی بننے کی سعی جاری رکھیں نیز ضروری گفتگو کم لفظوں میں، کچھ اشارے میں اور کچھ لکھ کر کرنے کی کوشش کے ساتھ نگاہیں جھکا کر رکھنے کی ترکیب بنائیں۔

☆ مرکزی مجلسِ شوریٰ، کابینہ اور اپنے شعبے کے مدنی مشوروں کے ملنے والے مدنی پھولوں کا خود بھی مطالعہ کیجئے اور متعلقہ تمام ذمہ داران تک بروقت پہنچانے کی ترکیب بنائیے۔ ہفتہ وار Live مدنی مذاکرہ دیکھنے کے ساتھ ساتھ دیگر ریکارڈڈ مدنی مذاکروں کو اہتمام کے ساتھ دیکھنے کی مدنی التجاء ہے۔www.ilyasqadri.com, کو وِزٹ کریں۔

☆ دورانِ مدنی کام و ملاقات امیرِ اہلسنت، بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا ابوبلال محمد الیاس عطارؔ قادری دامت برکاتہم العالیہ کے ذریعے سلسلہ عالیہ قادریہ رضویہ عطاریہ میں مرید / طالب بنانے کی کوشش کرتی رہیں، مرید / طالب ہو جائیں تو مجلس مکتوبات و تعویذاتِ عطاریہ سے مکتوب کی بھی ترکیب اور شجرۂ قادریہ، رضویہ، ضیائیہ، عطاریہ حاصل کرنے اور روزانہ پڑھنے کی ترغیب بھی دلائیں۔

☆ مَدَنی کام استقامت کے ساتھ کرنے کے لئے بالخصوص مَدَنی انعام نمبر 21 اور 24 کی عاملہ بن جائیں۔

**مَدَنی انعام نمبر 21:** کیا آج آپ نے مرکزی مجلسِ شوریٰ، کابینات، مشاورتیں و دیگر تمام مجالس جس کی بھی آپ ماتحت ہیں، ان کی (شریعت کے دائرے میں رہ کر) اِطاعت فرمائی؟

**مَدَنی انعام نمبر 24:** کسی ذمہ دار (یا عام اسلامی بہن) سے برائی صادر ہونے کی صورت میں تحریری طور پر یا براہِ راست مل کر (دونوں صورتوں میں نرمی کے ساتھ) سمجھانے کی کوشش فرمائی یا معاذ اللہ عَزَّوَجَلَّ بلا اجازتِ شرعی کسی اور پر اظہار کر کے آپ غیبت کا گناہِ کبیرہ کر بیٹھیں؟